P.R.NO.30/2025

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

## Press Release

## وفاقی محتسب 26 جون کو علاقائی دفتر ملتان کی نئی بلڈنگ کا افتتاح کریں گے

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی 26 جون (جمعرات) کو اپنے ادارے کے علاقائی دفتر ملتان کی نئی بلڈنگ کا افتتاح کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان، وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان کے افسران، ضلعی انتظامیہ کے افسران، سول سوسائٹی کی اہم شخصیات اور میڈیا کے نمائندگان شرکت کریں گے۔ وفاقی محتسب اپنے دورہ ملتان کے دوران وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان کے افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کریں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

24 جون 2025ء